عربی کے پچیس آسان سبق

www.KitaboSunnat.com

آسان درسِ عربی

عربی بول چال اور قرآن مجید کا ترجمہ سیکھنے کا نیا اسلوب

محمد یار راضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب .....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد اَپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com
www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

عربی بول چال اور قرآن مجید کا ترجمہ
سیکھنے کے لئے
عربی کے پچیس ۲۵ آسان سبق

آسان درسِ عربی

عربی گرائمر کے بنیادی قواعد کا بہترین مرقع

مرتب
محمد یار راضی

8/85

شائع کردہ
مکتبہ راضی محمدی سٹریٹ نمبر ۲ سمن آباد لاہور
مرکز برائے تحصیل عربی

عطیہ
کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

بار اوّل	اگست ۷۴ء	تعداد ۱۰۰۰
بار دوم	جنوری ۷۵ء	تعداد ۱۰۰۰
بار سوم	جون ۷۵ء	تعداد ۱۱۰۰
بار چہارم	جون ۷۶ء	تعداد ۱۱۰۰

بار پنجم جون ۷۷ء بار ششم جنوری ۷۸ء بار ہفتم جنوری ۷۹ء

ترتیب

محمد یار راضی

نظرِ ثانی

قاری عبدالمجید قاری ریڈیو پاکستان و پاکستان ٹیلیویژن

سرورق

حافظ محمد یوسف السدیدی

کتابت

نذیر احمد ناظر

★

قیمت فی جلد ——— ۸۵ پیسے — ۴ روپے

آسان درسِ عربی کی کلید بھی طبع ہو چکی ہے قیمت فی جلد ۵۰ پیسے — ۴ روپے

(اردو ڈائجسٹ پرنٹرز)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ

اَمَّا بَعْدُ

عربی زبان کو نہ صرف اُمّ الاَلسنہ ہونے کا شرف حاصل ہے۔ بلکہ حقیقت یہ ہے، کہ یہی وہ زبان ہے جسے خالقِ کائنات نے اپنے آخری رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) سے کلام کرنے کے لئے منتخب فرمایا۔ اور یہی وہ زبان ہے جس کے ذریعے نبی الخاتم صلی اللہ علیہ وسلم نے انسان کو انسان بننا سکھایا۔ مگر افسوس! کہ آج یہ زبان مسلمانوں کے لئے اَجنبی بن کر رہ گئی ہے۔ اس کی کئی ایک وجوہ ہیں۔ جن میں سے سب سے بڑی اور اہم وجہ برسرِ اقتدار طبقہ کی بے توجہی ہے۔ علاوہ ازیں طریقِ تدریس کا ناقص اور غیر دلچسپ ہونا بھی اِس زبان کی تحصیل کی راہ میں ایک بہت بڑی رکاوٹ بنا ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے عام مسلمان عربی زبان کو بہت مشکل سمجھنے لگے ہیں۔

زیرِ نظر کتاب "آسان درسِ عربی" (عربی کے پچیس آسان سبق) تدریس کے میدان میں مصنف کے طویل تجربات کا نچوڑ ہے۔ اور اس تصنیف کی بنیادی غرض وغایت یہ ہے کہ عام مسلمانوں کے لئے عربی زبان کی تحصیل خصوصاً قرآن وحدیث کی تفہیم کی راہ کھل جائے۔ ہمیں یقین ہے کہ اگر طالب علم ان اَسباق کو سمجھ کر پڑھ لے، تو قلیل مدت میں وہ عربی بول چال آسانی سے سیکھ سکتا ہے۔ ان اَسباق میں دلچسپ عام فہم اور جدید طریقۂ تعلیم اختیار کیا گیا ہے۔ جو لوگ عربی پڑھنے اور سیکھنے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

میں اپنے وقت کا زیادہ حصہ صرف نہیں کر سکتے اُن کے لئے یہ طریقۂ تعلیم ہم نے نہایت ہی کامیاب پایا ہے۔ چنانچہ اس کی بدولت اب تک بے شمار شائقینِ عربی فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ زیرِ نظر اسباق کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ بیشتر مثالیں قرآن مجید ہی سے دی گئی ہیں، تاکہ طلبہ ان اسباق کو بآسانی سمجھ سکیں۔ اور دوسری خصوصیت یہ ہے کہ مثالیں دیتے ہوئے عربی کے ان الفاظ کو زیادہ تر استعمال کیا گیا ہے جو اردو میں مستعمل ہیں اور ایک عام اردو داں ان سے بالعموم شناسا ہوتا ہے۔ اس وجہ سے یہ اسباق نہ صرف آسان ہو گئے ہیں بلکہ ان کی افادیت بھی بڑھ گئی ہے۔

علاوہ ازیں طلبہ کی سہولت کے لئے مشکل الفاظ کے معانی بھی ساتھ ہی اوپر دے دئے گئے ہیں۔ اگر ان اسباق کو خوب سمجھ کر پڑھ لیا جائے اور کما حقہٗ مشق کر لی جائے تو عربی زبان بولنے اور سمجھنے کی راہ ہموار ہو جائے گی۔

ان اسباق کی ترتیب میں مردوں کے ساتھ ساتھ خواتین کی تعلیم کو بھی پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔ چنانچہ وہ بھی گھر بیٹھے معمولی سی محنت سے قرآن مجید کا ترجمہ سمجھنے اور عام عربی بول چال کی قابلیت بہم پہنچا سکتی ہیں۔

نیز عرب ممالک میں جانے والے حضرات خصوصاً حجاج کرام بھی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

مَا اسْتَطَعْتُ وَمَا تَوْفِيقِيْ إِلَّا بِاللّٰهِ ط

(مرتب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آسان درسِ عربی
امتیازی خصوصیات

عربی زبان سکھانے کے لئے اِس وقت جتنی کتابیں دستیاب ہیں "آسان درسِ عربی" اُن کے مقابلے میں نہایت مختصر اور جامع ہے اکثر کتابیں اتنی طویل اور ضخیم ہیں کہ انہیں دیکھتے ہی پڑھنے والے کا دل بیٹھنے لگتا ہے۔ اِسی طرح عربی زبان کی تحصیل کے لئے جو مختصر رسالے لکھے گئے ہیں، وہ ترتیب بیان اور جامعیت کے لحاظ سے بالکل ناقص ہیں۔

"آسان درسِ عربی" اختصار اور جامعیت کے ساتھ ساتھ نہایت دلچسپ، سہل اور جدید طریقِ تعلیم پر مرتب کی گئی ہے۔

"آسان درسِ عربی" میں ہر سبق کے دو حصے ہیں حصہ الف اور حصہ ب۔ آپ نے صرف حصہ الف حل کرنا ہے۔ گویا اِس مختصر کتاب کا بھی تقریباً آدھا حصہ رہ جاتا ہے جو گنتی کے چند صفحات بنتے ہیں اور چند ہی دنوں میں پڑھے جا سکتے ہیں۔

اِس مختصر مگر جامع کتاب میں ضروری قواعد کے ساتھ ساتھ زندگی کے ہر پہلو سے متعلق ضروری واقفیت دی گئی ہے۔ بلا مبالغہ یہ کتاب منفرد حیثیت رکھتی ہے۔

انہی خوبیوں کی بنا پر "آسان درسِ عربی" کے تین ایڈیشن چند ماہ میں شائع ہو کر قبولِ عام کا شرف حاصل کر چکے ہیں۔ ماہرین کی آرائے آئندہ صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

(مرتب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رائے

جناب خلیل حامدی صاحب

ناظم دارالعروبہ جماعت اسلامی پاکستان (لاہور)

میں نے برادرم راضی صاحب کی کتاب "آسان درسِ عربی" پر ایک نظر ڈالی ہے۔ راضی صاحب نے یہ کوشش کی ہے، کہ قرآنِ کریم کو سمجھانے کے لئے عربی زبان کے ایسے حروف اور فقرے استعمال کئے جائیں جو قرآن ہی میں وارد ہیں۔ تاکہ قاری میں جس قدر عربی کی استعداد پیدا ہو، اسی قدر اس کے اندر قرآن فہمی کا ذوق پیدا ہو۔

راضی صاحب کی یہ کتاب اُن کے عملی تجربات کا خلاصہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے گرامر اور قرین میں دُوئی پیدا نہیں کی۔ بلکہ گرامر اور قرین کو ساتھ ساتھ چلایا ہے۔ میرے نزدیک راضی صاحب کی یہ کوشش نہایت قابلِ قدر ہے۔ قرآن کی زبان کو جاننے کے لئے جن مبادیات و قواعد کی ابتدا میں ضرورت پیش آسکتی ہے، وہ اس کتاب میں بیان کر دئے گئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ مصنف کی محنت کو قبول فرمائے اور اس کتاب کو مسلمانوں کے اندر قرآن فہمی کا ذریعہ بنائے۔

خلیل حامدی
۲۴۔ جولائی ۷۵ء

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رائے

جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب

ناظم مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

محترم محمد یار راضی صاحب سے راقم الحروف کا تعارف اس طرح ہوا، کہ جب مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے زیر اہتمام عربی کی شبینہ تدریس کا اجراء کیا گیا، تو اساتذہ کی ضرورت محسوس ہوئی۔ ہمارے یہاں عربی جاننے والوں کی تو کوئی کمی نہیں ہے، لیکن عربی کی تدریس کی مہارت، اور وہ بھی خاص طور پر بالغوں اور تعلیم یافتہ اصحاب کے لئے بہت کم لوگوں میں ہے۔

بحمداللہ! محمد یار راضی صاحب اس سلسلے میں بہت کامیاب ثابت ہوئے اور انہوں نے نہ صرف یہ کہ تدریس کو طلبہ پر بوجھل نہ ہونے دیا، بلکہ ان میں پوری طرح گھل مل کر ان کی سطح پر آکر عربی کی تعلیم دی۔

زیر نظر کتاب جو ابتداءً انہوں نے اپنی تدریس کی سہولت کے لئے اشارات کے طور پر مرتب کی تھی اس اعتبار سے نہایت مفید ہے، کہ اس میں تقریباً تمام کی تمام امثلہ قرآن حکیم سے لی گئی ہیں۔ اور چونکہ قرآن مجید کے الفاظ سے ہر مسلمان پہلے ہی سے ایک گونہ مانوس ہوتا ہے۔ لہٰذا طلبہ کو کسی نئے بوجھ کا احساس نہیں ہوتا۔ مزید برآں عربی کی تحصیل کے ساتھ ساتھ طالب علم کا ذہنی رشتہ قرآن مجید سے قائم ہوتا چلا جاتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یہ کتاب اوّلاً ۱۹۷۴ء کے آخر میں مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے زیر اہتمام ایک اکیس روزہ تربیت گاہ کے موقع پر تدریسِ عربی کی سہولت کے لئے جلدی میں طبع کرائی گئی تھی جس کے باعث طباعت کا معیار بلند نہ رکھا جا سکا۔ اس کے باوجود اس کا پہلا ایڈیشن دیکھتے ہی دیکھتے ختم ہو گیا۔ بعد ازاں اس کا دوسرا ایڈیشن نکلا۔ اور اب یہ تیسرا ایڈیشن آب و تاب کے ساتھ حاضرِ خدمت ہے۔

اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو عربی سیکھنے اور سکھانے اور قرآنِ حکیم پڑھنے اور پڑھانے کا شوق عطا فرمائے اور ان سب لوگوں کو جزائے خیر عطا فرمائے جو ان اعلیٰ مقاصد کے لئے کسی بھی طور پر کوشاں ہیں۔

خاکسار اسرار احمد

رائے

قاضی ثناء الحق صاحب

ہیڈ ماسٹر نیا مدرسہ ہائی سکول اچھرہ لاہور

جناب محمد یار راضی کی مرتب کردہ کتاب "آسان درسِ عربی" کو میں نے خود پڑھا اور پڑھایا اور اسے ازحد مفید پایا۔

یہ کتاب اتنی آسان ہے کہ ایک سبق پڑھ لینے کے بعد دوسرا سبق پڑھ لینا نہایت آسان معلوم ہوتا ہے۔ معمولی استعداد رکھنے والا مبتدی بھی بڑے ذوق و شوق سے کتاب کو پڑھتے ہوئے آگے بڑھتا چلا جاتا ہے۔ کم ہی کسی استاد کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

موصوف کی یہ تالیف انتہائی کاوش اور محنت کا نتیجہ ہے۔ لاریب یہ کتاب قرآنِ مجید کا ترجمہ سیکھنے اور عربی زبان کی تحصیل کے لئے کلید کا کام دے سکتی ہے۔ (ثناء الحق)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رائے

حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب

ناظم دارالعلوم جامعہ اشرفیہ لاہور

محمد یار رانفی صاحب نے مجھ سے فرمائش کی ہے، کہ میں اُن کی تصنیف، "آسان درسِ عربی" کے متعلق اپنے تاثر کو معرضِ تحریر میں لاؤں۔

میں نہایت مسرت سے اِس امر کا اظہار کرتا ہوں، کہ اِس کتاب نے عربی زبان کی تحصیل میں حارج تمام دِقتوں کو بطریقِ احسن دُور کر دیا ہے۔ ایسی مفید کتاب کی ضرورت ایک مدت سے محسوس کی جارہی تھی۔ یہ کتاب عربی زبان کی تحصیل کے لئے لکھی گئی تمام بنیادی کتابوں میں ممتاز اور منفرد حیثیت رکھتی ہے۔ اِس سے بہتر، سہل اور آسان کتاب میری نظر سے نہیں گزری۔

عربی خواں حضرات پر مصنف کا یہ بہت بڑا احسان ہے، کہ اُس نے جدید اُسلوب پر ایک ایسی کتاب تصنیف کی جس کے ذریعے ہر مسلمان کم از کم مدت میں عربی زبان سیکھ کر کلامِ پاک کے معانی و مطالب سمجھنے کی سعادت حاصل کر سکتا ہے۔

لاریب یہ کتاب مدارس میں داخلِ نصاب کرنے کے لائق ہے۔

(عبدالرحمٰن خادم جامعہ اشرفیہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رائے

جناب حافظ احمد یار صاحب

شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور

"آسان درس عربی" مصنفہ محمد یار راضی، عربی زبان کی ایک ماہرانہ اور مخلصانہ کوشش ہے۔

زبان سکھانے کے علاوہ زبان کو سیکھنے کے اصل مقصد یعنی فہم قرآن وحدیث کو بڑی کامیابی کے ساتھ ہم آہنگ کیا گیا ہے۔

مسلمان عربی سیکھنے والوں کے لئے یہ کتاب منفرد حیثیت رکھتی ہے۔

(حافظ احمد یار)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

"آسان درسِ عربی"

اخبارات و رسائل کی نظر میں!

ماہنامہ "ترجمان القرآن" لاہور

اپریل ۱۹۷۶ء

"آسان درسِ عربی" تعلیم یافتہ نوجوانوں کو سادہ اور عام فہم انداز میں عربی سکھانے کے لئے تحریر کی گئی ہے۔ یہ کتاب پچیس ۲۵ آسان اسباق پر مشتمل ہے۔ فاضل مؤلف نے ابتدا ان عربی الفاظ سے کی ہے جو اردو زبان میں بھی روزانہ استعمال ہوتے ہیں۔ تاکہ عربی زبان کے متعلق ذہنوں میں مغائرت کا احساس پیدا نہ ہو۔ عربی گرامر کے پیچیدہ قواعد اور اس کی بھاری بھرکم اصطلاحات سے بچتے ہوئے ہلکے پھلکے انداز میں ضروری قواعد کو پیش کیا گیا ہے۔ کتاب کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں اکثر الفاظ، جملے اور اقتباسات قرآن مجید سے لئے گئے ہیں۔ اور اس طرح قرآن حکیم سے ایک گونہ ذہنی لگاؤ پیدا ہوتا ہے۔

ہم ثانوی جماعتوں کے طلبہ کے لئے بالخصوص، اور عربی سیکھنے کے خواہشمند حضرات کے لئے بالعموم اس کتاب کے مطالعہ کی پُرزور سفارش کرتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کالجوں اور ہائی اسکولوں کے طلبا اور طالبات کیلئے

ہائی اسکولوں اور کالجوں کے طلبا اور طالبات کو ہم مشورہ دیتے ہیں کہ اب جبکہ حکومت کی طرف سے عربی کو ہر جگہ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ لہٰذا عربی زبان جاننے اور قرآن مجید و حدیث کو سمجھنے کے لیے آپ پہلی فرصت میں ہماری مقبول عام، مختصر ترین آسان ترین اور جدید اسلوب پر

آسان درسِ عربی کا باقاعدہ مطالعہ کریں۔ اس سے آپ قلیل مدت میں اپنے اندر ایک بے بہا علمی خزانہ پائیں گے۔ ہزاروں لوگ مستفید ہو چکے ہیں۔ ——— محمد یار راضی۔ مصنفِ آسان درسِ عربی۔

ہماری کتابیں، اجتہادات اور رسائل کی تقریظ میں

روزنامہ **نوائے وقت** ۱۸ مارچ ۱۹۷۹ء

نام کتاب: ۱۰ دن میں عربی بول چال

تصنیف: محمد یار راضی

ضخامت: ۱۴۴ صفحات، کتابت طباعت اچھی، خوبصورت مجلد

قیمت: ۱۰ روپے ۸۵ پیسے

ملنے کا پتہ: ادارہ تسہیل عربی ۲۲۷ نیو سمن آباد لاہور

بدلتے ہوئے معاشرتی تقاضوں میں انگریزی کے بعد عربی زبان سے واقفیت کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے اور جہاں پہلے اسے صرف اسلام کے حوالے سے جاننا ضروری تھا۔ اب اس کا دائرہ بڑھ کر زندگی کے پورے کینوس پر پھیل گیا ہے۔ اسی اہمیت کے پیش نظر پاکستان میں سرکاری اور غیر سرکاری سطح پر عربی زبان کے فروغ اور تدریس کا دائرہ بھی دن بدن بڑھتا جا رہا ہے۔ زبان سیکھنے کے لئے وقت کے آخری مرحلے تک (القاعدہ) اسماء اور بنیادی گرامر، قواعد و ضوابط کی حامل کتابوں کا وجود ناگزیر ہے۔ اس ضمن میں مارکیٹ میں بہت سی کتابیں موجود ہیں، اور زیر نظر کتاب ان میں ایک اچھا اضافہ ہے۔ فاضل مصنف اس سے پہلے آسان درس عربی اور القاعدہ العلمیہ جیسی کتابوں کے حوالے سے اپنی پہچان کرا چکے ہیں۔ "۱۰ دن میں عربی بول چال" میں بنیادی ضرورت پوری کرنے اور موجودہ معمولاتِ زندگی میں کہنے کم وقت صرف کرنے کے خیال کو اہمیت دی گئی ہے۔ چنانچہ گھر بیٹھے کر عربی سے متعارف ہونے کے لئے زیر نظر کتاب اچھا وسیلہ ثابت ہو سکتی ہے۔

ہفت روزہ **الیثا** ۲۸ فروری ۱۹۷۹ء

قارئین الیثیا کے لئے محمد یار راضی کا نام نیا نہیں ہے۔ اس کتاب سے پیشتر ان کی کتاب "آسان درس عربی" نحو لیست عام حاصل کر چکی ہے۔ عربی تعلیم کے ضمن میں ان کی نئی کتاب "۱۰ دن میں عربی بول چال" بھی شائقین عربی میں بے حد پسند کی گئی ہے۔

عربی زبان کی اہمیت دینی ہونے کے علاوہ اب دنیاوی طور پر بھی مسلم ہوتی جا رہی ہے۔ اس لحاظ سے عربی سیکھنے کی افادیت اور اہمیت اب پہلے سے بھی زیادہ بڑھ گئی ہے۔ عربی کے جو شائقین بغیر استاد کے عربی بول چال سیکھنا چاہتے ہوں، ان کے لئے یہ کتاب بے حد مفید ثابت ہوگی۔ عربی بول چال پر اگرچہ پہلے بھی کچھ کتب موجود ہوں گی۔ لیکن یہ کتاب یوں منفرد ہے کہ اس میں طریق تعلیم جدید اپنایا گیا ہے اور فرسودہ انداز سے گریز کیا گیا ہے۔ کتاب کی ضخامت ڈیڑھ سو صفحوں پر اچھے ٹائٹل مشتمل ہے اور یہ سفید کاغذ پر آفسٹ

کتابیں سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

آسان درسِ عربی

اَسباق میں ہر سبق کے دو حصّے ہیں۔ اگرچہ دونوں حصّوں کو اَزبر کرنا ضروری ہے تاہم حصّہ الف کو حفظ کرنے میں خوب محنت اور قوّت صَرف کرنا زیادہ ضروری ہے۔

دَرس نمبر ۱ ـــــ حِصّہ الف

اگر ہم غور کریں تو عربی کے بے شمار الفاظ جو قرآن مجید میں بھی مستعمل ہیں۔ اَیسے ہیں جو ہم اردو اور پنجابی میں اکثر استعمال کرتے رہتے ہیں۔ مثال کے طور پر کچھ الفاظ ہم یہاں نقل کرتے ہیں۔

مَرض ۔ فتح ۔ عمَل ۔ لعنت ۔ دنیا ۔ آخرت ۔ حلال ۔ حرام
خلاف ۔ رِزق ۔ رسُول ۔ نبی ۔ زِینت ۔ شَے ۔ ظُلم ۔ عَدل
فساد ۔ جَنّت ۔ جہنّم ۔ وبال ۔ تنوّر ۔ وارِث ۔ انسان ۔ بشر
خبیث ۔ شدِید ۔ رب ۔ طمع ۔ بعد ۔ شجَر ۔ غرق ۔ حاجت
حق ۔ رحمت ۔ مشرِق ۔ مغرِب ۔ یَوم ۔ مُؤمِن ۔ مُسلِم ۔ شیطان
حیات ۔ ممات ۔ مغفِرت ۔ آیت ۔ کُفر ۔ صدقہ ۔ نذر ۔ تِلاوت
اھل ۔ والِد ۔ کلام ۔ بحر ۔ بَرّ ۔ رُوح ۔ ثمَر ۔ عذاب
ثانی ۔ شاعِر ۔ کثِیر ۔ نادِم ۔ جانِب ۔ مُفسِد ۔ صَلوٰۃ ۔ وارِد وغیرہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

عربی کے بے شمار الفاظ ایسے ہیں جن کے شروع میں الف لام آتا ہے اگر الف لام ہٹا دیا جائے تو باقی وہی لفظ رہ جاتے ہیں جو اُردو میں مستعمل ہیں۔ مثلاً :-

اَلْحَمْد - اَلرَّحْمَان - اَلْفَتْح - اَلسُّوْرَة - اَلشَّیْطَان
اَلْقُرْآن - اَلْقَلَم - اَلْکَافِرُوْن - اَلرَّسُوْل - اَلنُّوْر وغیرہ

جس لفظ پر الف لام ہوگا، اس کا ترجمہ خاص ہوگا۔ الف لام انگریزی حرف (The) دی کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً اَلْحَمْدُ کے معنی خاص تعریف۔ اَلسُّوْرَۃُ کے معنی خاص سُورۃ ہے۔ اگر ان الفاظ سے الف لام ہٹا دیا جائے تو حَمْد کے معنی تعریف اور سُوْرَۃ کے معنی کوئی سی سورۃ ہوں گے۔

مشق نمبر ۱

شروع میں جو الفاظ مثال کے طور پر لکھے گئے ہیں، ان تمام الفاظ کے شروع میں الف لام لگا کر اردو میں ترجمہ کریں۔ مثلاً :- مَرَضٌ سے اَلْمَرَضُ (خاص مرض) فَتْحٌ سے اَلْفَتْحُ (خاص فتح) وغیرہ۔

مشق نمبر ۲

نیچے دیئے ہوئے الفاظ سے الف لام ہٹا کر اردو میں ترجمہ کریں۔ مثلاً :-
اَلْقَوْلُ سے قَوْلٌ کے معنی کوئی بات یا ایک بات اور اَلْمَآءُ سے مَآءٌ کے معنی پانی یا کچھ پانی سنگے۔

اَلْقَوْلُ اَلذِّکْرُ اَلْحَمْرُ اَلْغَیْبُ اَلْجَنَّۃُ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

خاص آسمان
اَلسَّمَاءُ ۔ اَلْاَرْضُ ۔ اَللَّیْلُ ۔ اَلنَّھَارُ ۔ اَلشَّمْسُ
خاص تصویر
اَلْقَمَرُ ۔ اَلصُّوْرَۃُ ۔ اَلْمُجْرِمُ ۔ اَلصِّرَاطُ ۔ اَلشِّعْرُ
اَلْاِنْسَانُ ۔ اَلشَّیْطَانُ ۔ اَلْعِزَّۃُ ۔ اَلْقَوْمُ ۔ اَلرَّسُوْلُ
خاص حکم
اَلظَّالِمُ ۔ اَلزَّانِیْ ۔ اَلْاَمْرُ ۔ اَلرَّحْمَۃُ ۔ اَلْکِتَابُ
خاص فرشتہ
اَلْجَاھِلُ ۔ اَلدِّیْنُ ۔ اَلْمَلِکُ ۔ اَلْحُکْمُ ۔ اَلْمُلْکُ

قاعدہ

عام طور پر عربی زبان میں جس لفظ کے آخر میں تَ ہوگی وہ لفظ مؤنث ہوگا۔ ت کا استعمال تین شکل میں ہوتا ہے۔

۱۔ تَ ۔ مثلاً بِنْ سے بِنْتٌ (بیٹی) اَخٌ سے اُخْتٌ (بہن)

۲۔ ۃَ ۔ خَادِمٌ سے خَادِمَۃٌ (نوکرانی) حَافِظٌ سے حَافِظَۃٌ ظَالِمٌ سے ظَالِمَۃٌ (ایک ظالم عورت)

۳۔ ۃَ مثلاً کَافِرٌ سے کَافِرَۃٌ (کافر عورت) سَیِّدٌ سے سَیِّدَۃٌ مُھَاجِرٌ سے مُھَاجِرَۃٌ (مہاجر عورت) نَاصِرٌ سے نَاصِرَۃٌ شَاھِدَۃٌ وغیرہ

ملحوظہ:۔ آخری دونو شکلیں ۃ سے پڑھی جاتی ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۳

ذیل میں چند مؤنث الفاظ دیئے گئے ہیں۔ تَ ہٹا کر مذکر بنائیں۔

حَافِظَةٌ۔ مُشْرِكَةٌ۔ ظَالِمَةٌ۔ شَاعِرَةٌ۔ وَالِدَةٌ۔ عَابِدَةٌ
صَابِرَةٌ۔ طِفْلَةٌ۔ خَادِمَةٌ۔ شَجَرَةٌ۔ عَاقِلَةٌ۔ عَالِمَةٌ
قَادِرَةٌ۔ شَاكِرَةٌ۔ نَافِعَةٌ۔ حَاشِرَةٌ (اکٹھا کرنے والی)

درس نمبر ۱ ——— حِصّہ ب

اسلامی مہینوں کے نام

مُحَرَّمٌ۔ صَفَرٌ۔ رَبِيْعُ الْاَوَّلُ۔ رَبِيْعُ الثَّانِيْ
جُمَادَى الْاُوْلٰى۔ جُمَادَى الْاُخْرٰى۔ رَجَبٌ۔ شَعْبَانُ
رَمَضَانُ۔ شَوَّالُ۔ ذِى الْقَعْدَهْ۔ ذِى الْحَجَّه

طرفیں (اَطراف)

شَمَالٌ۔ جَنُوْبٌ۔ مَشْرِقٌ۔ مَغْرِبٌ

جہتیں (جہات)

يَمِيْنٌ (دایاں) يَسَارٌ (بایاں) اَمَامٌ۔ قُدَّامٌ (آگے) خَلْفٌ (پیچھے)
وَرَاءٌ (پیچھے) فَوْقَ (اُوپر) عَلٰى (اُوپر) تَحْتَ۔ اَسْفَلُ (نیچے)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

درس نمبر ۲

عربی زبان میں ایک کو **واحد**، دو کو **مُثنّٰی** اور دو سے زیادہ کو **جمع** کہتے ہیں۔

واحد سے مُثنّٰی بنانے کا قاعدہ

واحد مذکر لفظ کے آخر میں اِن، یْنِ زیادہ کرنے سے مُثنّٰی (دو) کا لفظ بن جائے گا۔ اور بولنے میں تقریباً اِنِ، اَیْنِ کی آواز آئے گی۔ مثلاً:-

۱۔ مَشْرِقٌ سے مَشْرِقَانِ، مَشْرِقَیْنِ ۲۔ مَغْرِبٌ سے مَغْرِبَانِ، مَغْرِبَیْنِ ۳۔ بَحْرٌ سے بَحْرَانِ، بَحْرَیْنِ (دو سمندر) ۴۔ دَلِیْلٌ سے دَلِیْلَانِ، دَلِیْلَیْنِ (دو دلیلیں) ۵۔ بُرْھَانٌ سے بُرْھَانَانِ، بُرْھَانَیْنِ (دو دلیلیں) ۶۔ زَوْجٌ سے زَوْجَانِ، زَوْجَیْنِ (دو جوڑے) ۷۔ ثِقْلٌ سے ثِقْلَانِ، ثِقْلَیْنِ (دو بوجھ) ۸۔ اِلٰہٌ سے اِلٰھَانِ، اِلٰھَیْنِ (دو معبود) ۹۔ اَلْعَبْدُ سے اَلْعَبْدَانِ، اَلْعَبْدَیْنِ (دو خاص بندے)

مشق نمبر ۱ (الف)

ذیل میں دئے گئے واحد الفاظ کے مُثنّٰی بنائیں اور ترجمہ کریں:-

مُسْلِمٌ۔ اَلرَّسُوْلُ۔ ظَالِمٌ۔ اَلْعَذَابُ۔ اَلْکَافِرُ۔ نَاصِرٌ۔ بِرٌّ (نیکی)۔ نَفْسٌ۔ صَادِقٌ۔ سَبِیْلٌ۔ اِسْمٌ۔ اَسِیْرٌ (قیدی) اِمَامٌ۔ وَجْہٌ۔ عَیْنٌ (آنکھ) اَنْفٌ (ناک) یَدٌ (ہاتھ) رِجْلٌ (پاؤں)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اَجْرٌ - بَابٌ - بَالِغٌ - بَحْرٌ - بَلَدٌ - تَارِكٌ
جَاهِلٌ - عَلَمٌ (جھنڈا) رُوْحٌ - كِتَابٌ - شَهِيْدٌ
غَافِلٌ - اَلْاَرْضُ - اَلْكِتَابُ - مُفْلِحٌ (فلاح پانے والا)

ب :- ذیل میں دیئے ہوئے مُثنّٰی کے واحد بنائیں :-

شَفَتَيْنِ (دو ہونٹ) نَجْدَيْنِ (دو راستے) عَيْنَيْنِ (دو آنکھیں) نَبِيَّانِ
عَلِيْمَانِ - مُؤْمِنَيْنِ - اَلْعَزِيْزَانِ (دو خاص غالب) خَائِنَانِ - عَرَضَانِ
اَلطَّوِيْلَانِ - يَتِيْمَيْنِ (دو یتیم) غُلَامَيْنِ - اَجْرَانِ - بَشِيْرَيْنِ
ثَوَابَانِ - اَمْرَانِ (دو حکم) اَمْرَيْنِ (دو حکم) اَلْمُؤْمِنَيْنِ - رَسُوْلَيْنِ
جَمْعَانِ (دو جماعتیں) فَضْلَانِ - غَمَّانِ - اَلْقَرِيْحَيْنِ (دو خاص زخم)
شَاكِرَانِ - اَلْوَكِيْلَيْنِ (دو خاص کارساز) طَعَامَانِ - فَاضِلَانِ -

ملحوظہ :- مونث لفظ کے آخر میں عموماً تَ ہوتی ہے اس لئے پڑھتے وقت تَانِ تَيْنِ کی آواز آئے گی۔ مثلاً :-

آيَةٌ سے آيَتَانِ، آيَتَيْنِ (دو آیتیں) جَنَّةٌ سے جَنَّتَانِ، جَنَّتَيْنِ (دو باغ)
قَرْيَةٌ سے قَرْيَتَانِ، قَرْيَتَيْنِ (دو گاؤں) اسی طرح طَيِّبَتَانِ،
طَيِّبَتَيْنِ (دو پاکیزہ چیزیں) صَابِرَةٌ سے صَابِرَتَانِ، صَابِرَتَيْنِ۔

مشق نمبر ۲ (الف)

ذیل میں دیئے گئے مُثنّٰی الفاظ سے اَنِ، اَيْنِ ہٹا کر واحد مونث بنائیں اور ترجمہ کریں۔

مُشْرِكَتَانِ - مُؤْمِنَتَانِ - كَافِرَتَانِ - ظَالِمَتَيْنِ - حَافِظَتَانِ
شَرِيْفَتَيْنِ - سَيِّدَتَانِ - عَاقِلَتَانِ - طَالِبَتَيْنِ - مُهَاجِرَتَيْنِ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ب :- نیچے دیئے گئے واحد مؤنث الفاظ سے مثنیٰ بنائیں اور ترجمہ کریں۔
مِلَّةٌ - آيَةٌ - اَمَانَةٌ - اُخْتٌ - مُصِيْبَةٌ - عَاقِبَةٌ (انجام)
بَرَكَةٌ - مُسْلِمَةٌ (فرمانبردار) نِعْمَةٌ - ذِلَّةٌ - حَسَنَةٌ
اَلْمَسْكَنَةُ (خاص ذلت) سَيِّئَةٌ (برائی) مَوْعِظَةٌ (نصیحت)
فَاحِشَةٌ (کھلا گناہ) طَائِفَةٌ (گروہ) دَرَجَةٌ - حَسْرَةٌ -

جمع مذکر بنانے کا عام قاعدہ !

مذکر لفظ کے آخر میں وْنَ یا یْنَ زیادہ کرنے سے جمع کا لفظ بن جاتا ہے۔ اور پڑھتے وقت تقریباً اُوْنَ ، اِیْنَ کی آواز آئے گی۔ مثلاً :-
مُجْرِمٌ سے مُجْرِمُوْنَ ، مُجْرِمِيْنَ (بہت سے مجرم) قَاتِلٌ سے قَاتِلُوْنَ
قَاتِلِيْنَ (بہت سے قاتل) اسی طرح مُهَاجِرٌ سے مُهَاجِرُوْنَ ، مُهَاجِرِيْنَ
خَآئِنٌ سے خَآئِنُوْنَ خَآئِنِيْنَ (خیانت کرنے والے مرد) مَظْلُوْمٌ سے
مَظْلُوْمُوْنَ ، مَظْلُوْمِيْنَ - طَيِّبٌ سے طَيِّبُوْنَ ، طَيِّبِيْنَ - خَبِيْثٌ
سے خَبِيْثُوْنَ ، خَبِيْثِيْنَ (بہت سے برے مرد) عَابِدٌ سے عَابِدُوْنَ
عَابِدِيْنَ - كَامِلٌ سے كَامِلُوْنَ ، كَامِلِيْنَ -

مشق نمبر ۳ (الف)

مندرجہ ذیل کے جمع بنائیں۔ اور ترجمہ کریں۔
مُجَاهِدٌ - طَالِبٌ - خَاسِرٌ (خسارہ پانے والا) خَادِمٌ - حَاشِرٌ
غَافِلٌ - مُرْسَلٌ (بھیجا ہوا) مُؤْمِنٌ - خَالِدٌ (ہمیشہ رہنے والا) خَالِقٌ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

صَابِرٌ - صَادِقٌ - صَالِحٌ - دَائِمٌ (ہمیشہ رہنے والا) شَاعِرٌ - تَارِكٌ
مُخْلِصٌ - شَافِعٌ (سفارش کرنے والا) سَابِقٌ (آگے بڑھنے والا)

ب :- مندرجہ ذیل کے واحد بنائیں :-

اَلسَّابِقُوْنَ - اَلْاَوَّلُوْنَ - اَلْكَافِرِيْنَ - اَلضَّالِّيْنَ (گمراہ)
اَلْاَوَّلِيْنَ - ظَالِمُوْنَ - شَاكِرِيْنَ - خَاطِئُوْنَ (گنہ گار) نَبِيِّيْنَ
مُفْلِحُوْنَ (کامیاب ہونے والے) مُنْتَظِرُوْنَ - فَاعِلُوْنَ (کرنے والے)
رَاجِعُوْنَ (واپس آنے والے) اَلْعَالَمِيْنَ (جہان) خَاشِعُوْنَ (ڈرنے والے)
سَلَمٌ وَسَلَامٌ اس قاعدہ سے اکثر ذی عقل کی جمع بنتی ہے۔

جمع مؤنث بنانے کا عام قاعدہ !

مؤنث کی جمع بنانے کے لئے واحد مذکر کے آخر میں ات زیادہ کرتے ہیں۔
مثلاً :- طَالِبٌ سے طَالِبَاتٌ (بہت سی طالب علم لڑکیاں) بِنْ سے بَنَاتٌ
(بہت سی لڑکیاں) اسی طرح مَسْتُوْرٌ سے مَسْتُوْرَاتٌ - مُؤْمِنٌ سے
مُؤْمِنَاتٌ - مُشْرِكٌ سے مُشْرِكَاتٌ (شرک کرنے والی عورتیں) صَالِحٌ
سے صَالِحَاتٌ (نیک عورتیں) مُهَاجِرٌ سے مُهَاجِرَاتٌ - وغیرہ۔

مشق نمبر ۴ (الف)

نیچے دئے گئے واحد مذکر سے جمع مؤنث بنائیں :-

طَيِّبٌ - خَبِيْثٌ - شَاكِرٌ - حَافِظٌ - عَالِمٌ - سَاجِدٌ (سجدہ کرنے والا)
طَائِفٌ (طواف کرنے والا) بَيِّنٌ (واضح) مُفْسِدٌ (فسادی) صَادِقٌ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رَاکِعٌ (رکوع کرنے والا) حَاکِمٌ ۔ مَظْلُوْبٌ ۔ مُؤْمِنٌ ۔ کَامِلٌ ۔

ب :۔ نیچے دی گئی مثالوں کو سامنے رکھ کر اُوپر والی مشق نمبر۱ الف حل کریں۔

مثال نمبر۱

	واحد	مثنیٰ	جمع
مذکر	طَیِّبٌ	طَیِّبَانِ (طَیِّبَیْنِ)	طَیِّبُوْنَ (طَیِّبِیْنَ)
مؤنث	طَیِّبَةٌ	طَیِّبَتَانِ (طَیِّبَتَیْنِ)	طَیِّبَاتٌ

مثال نمبر۲

	واحد	مثنیٰ	جمع
مذکر	خَبِیْثٌ	خَبِیْثَانِ	خَبِیْثُوْنَ
مؤنث	خَبِیْثَةٌ	خَبِیْثَتَانِ	خَبِیْثَاتٌ

درس نمبر۲ حصہ: ب

یاد رہے جمع دو قسم کی ہے۔ ایک قاعدہ کے مطابق بننے والی۔ جیسا کہ سبق کے حصہ الف میں بتایا گیا ہے۔ دوسری جمع بغیر قاعدہ کے جیسا کہ حصہ ب سے ظاہر ہے۔

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
اَجَل	موت	آجال	اُمَّة	گروہ	اُمَم
اَخ	بھائی	اِخْوَة، اِخْوَان	اَمْر	حکم	اَوَامِر
عَزِیْز	رشتہ دار	اَعِزَّہ	اَمْر	کام	اُمُوْر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
بُرْج	بُرج	بُرُوْج	نَخْلَة	کھجور کا درخت	نَخْل
بَيْت	گھر	بُيُوْت	جَبَل	پہاڑ	جِبَال
فَاجِرْ	بدکار	فُجَّار	نَمْلَة	چیونٹی	نَمْل
بَصَر	آنکھ	اَبْصَار	مَال	دولت	اَمْوَال
بَهِيْمَة	چوپایہ	بَهَائِم	وَلِي	دوست	اَوْلِيَاء
ثَمَر۔ ثَمَرَة	پھل	اَثْمَار ثَمَرَات	فَوْج	فوج	اَفْوَاج

درس نمبر۳۔ حصہ الف

دو اِسم جب ملتے ہیں، تو ایک شکل اختیار کرتے ہیں۔ جس کا نام ہم نے پہلی شکل رکھا ہے۔ مثلاً ذِکْر اور اَللّٰہ دو اِسم ہیں۔ جب یہ دونوں ملیں گے تو ذِکْرُ اللّٰہِ پڑھا جائے گا۔ اِسی طرح عَبْدُ اللّٰہِ۔ رَحْمَةُ اللّٰہِ وغیرہ۔ اِن کا اُردو میں ترجمہ کرتے وقت ترتیب اُلٹ کر درمیان میں کا، کے، کی لگا دیں۔ مثلاً :-

ذِکْرُ اللّٰہِ — اَللّٰہ کا ذکر

رَحْمَةُ اللّٰہِ — اَللّٰہ کی رحمت

اَوْلِيَاءُ اللّٰہِ — اَللّٰہ کے دوست

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۱

ترتیب اُلٹ کر ترجمہ کریں :-

رِزْقُ اللّٰہِ - کَلَامُ اللّٰہِ - اَمْرُ اللّٰہِ - خَلْقُ اللّٰہِ - دِیْنُ الْمَلِکِ (بادشاہ)

ذِکْرُ الرَّحْمٰنِ - یَوْمُ الزِّیْنَۃِ - شَھَادَۃُ اللّٰہِ - لَعْنَۃُ اللّٰہِ

نِعْمَۃُ اللّٰہِ - دُعَآءُ الرَّسُوْلِ - دُعَاءُ الْخَیْرِ (بھلائی) - صَیْدُ الْبَرِّ (شکار) خشکی

صَیْدُ الْبَحْرِ - دَارُ الْقَرَارِ - دَارُ السَّلَامِ - خَشْیَۃُ اللّٰہِ (خوف) - رَسُوْلُ اللّٰہِ

ثَوَابُ الْاٰخِرَۃِ - صَلٰوۃُ الْفَجْرِ (نماز) - صَلٰوۃُ الْعِشَاءِ - یَوْمُ الْجُمُعَۃِ

بُیُوْتُ النَّبِیِّ - رَبُّ الْمَشْرِقِ - یَوْمُ الْقِیَامَۃِ - فَضْلُ اللّٰہِ

لِقَاءُ اللّٰہِ (ملاقات) - شَجَرَۃُ الزَّقُّوْمِ (تھوہر) - عَلَّامُ الْغُیُوْبِ (جاننے والا) - حِزْبُ اللّٰہِ (جماعت)

مُصِیْبَۃُ الْمَوْتِ - اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ (دوزخ) - اَمْوَالُ النَّاسِ (لوگ)

اَصْحٰبُ السَّبْتِ (ہفتہ) - مَسَاجِدُ اللّٰہِ - کِتَابُ الْفُجَّارِ - حَجُّ الْبَیْتِ (خدا کا گھر)

طَعَامُ الْمِسْکِیْنِ - حِیْنُ الْوَصِیَّۃِ (وقت) - نَصْرُ اللّٰہِ - لِبَاسُ الْجُوْعِ (بھوک)

مشق نمبر ۲ :- ترتیب اُلٹ کر ترجمہ کریں :-

مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ (مقدار) - مِثْقَالَ حَبَّۃٍ (دانہ) - لَوْمَۃَ لَائِمٍ (ملامت کرنے والا) - سَوْطَ عَذَابٍ (کوڑا)

اَھْوَآءَ قَوْمٍ (خواہشیں) - قَوْلُ رَسُوْلٍ - عَذَابَ یَوْمٍ - شَنَاٰنُ قَوْمٍ (دشمنی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ (غلام کا آزاد کرنا) جَزَآءُ سَيِّئَةٍ (برائی کا بدلہ) ۔ عَمَلُ عَامِلٍ (کام کام کرنے والا کا) ۔ مَلْحُوظَہ ۔ پہلی شکل میں پہلے لفظ پر الف لام ہرگز نہیں آتا ۔ دوسرے لفظ پر کبھی آتا ہے، اور کبھی نہیں آتا ۔ دوسرے لفظ پر الف لام ہو، تو اس کے آخر میں ایک زیر ہوگی ۔ جیسے کہ مشق نمبر ا میں ۔

اگر الف لام نہ ہو، تو آخر میں دو زیر ہوں گی ۔ جیسے مشق نمبر ۲ میں ۔

مشق نمبر ۳

مندرجہ ذیل مختلف القاعدے موزوں الفاظ ملا کر پہلی شکل بنائیں اور ترجمہ کریں ۔

اهل ۔ الارض ۔ الکتب ۔ رَبّ ۔ الکهف ۔ عهد ۔ اَللّٰه
العرش ۔ اَصحٰب ۔ استلوٰت ۔ رَحمة ۔ اَبواب ۔ یَوم
صاحب ۔ غیب ۔ الفتح ۔ عِلم ۔ فَضل ۔ الجَنَّة

مشق نمبر ۴

مندرجہ ذیل اُردُو کا عربی میں ترجمہ کریں :۔

اَللّٰہ کا دِین ۔ رَبّ کی تعریف ۔ اَللّٰہ کی کتاب ۔ زمین کا رَبّ ۔ مشرق کا رَبّ رَبّ کی نعمت ۔ قدر کی رات (لَیْلَةُ الْقَدْرِ) کتاب والے ۔ عدن کے باغ رحمان کا ذِکر ۔ کاموں کا انجام (عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ) نوح کی قوم خشکی کا شکار قیامت کا زلزلہ ۔ اَللّٰہ کا عذاب ۔ اَللّٰہ کی نشانیاں (شَعَائِرُ) ۔ اَللّٰہ کا نام ۔ اَللّٰہ کا خوف (خَشْیَة) سلامتی کا گھر ۔ غیب کا جاننے والا ۔ قیامت کا دِن ۔ سردی کا سفر (رِحْلَة) ۔ اَللّٰہ کا وعدہ ۔ طُور کی جانب ۔ اَللّٰہ کی سُنّت ۔ نکلنے کا دِن (یَوْمُ الْخُرُوْجِ) لوگ کا عذاب ۔ غیب کا علم احسان کا بدلہ ۔ صبح کی نماز ۔ اَللّٰہ کی گواہی ۔ مجرمین کے دل ۔ اَللّٰہ کا راستہ ۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۵

مندرجہ ذیل اردو الفاظ کی جگہ پر عربی الفاظ رکھ کر پہلی شکل بنائیں۔

۱۔ وَاسِعٌ ـــــ بخشش ۲۔ اَبْوَابٌ ـــــ آسمان ۳۔ اَصْحٰبُ ـــــ داہنے ہاتھ والے

۴۔ مَلَكٌ ـــــ آسمانوں ۵۔ لَحْمٌ ـــــ پرندہ ۶۔ ـــــ حکم اللّٰهِ

۷۔ ـــــ مثال غَيْثٌ بارش ۸۔ ـــــ کردہ الشَّيْطٰنِ ۹۔ ـــــ والے الْاِنْجِيلِ

۱۰۔ وَرَآءٌ ـــــ پردہ ۱۱۔ ـــــ سگ اللّٰهِ ۱۲۔ ـــــ شکار الْبَحْرِ

مشق نمبر ۶

مشق نمبر ۲ کا ہر لفظ علیحدہ لکھیں اور ترجمہ کریں۔ مثلاً :۔
مِثْقَالَ ذَرَّةٍ سے مِثْقَال کا معنیٰ مقدار اور ذَرَّةٍ کا معنیٰ ذرہ بھر۔

درس نمبر ۳ ـــــ حصہ ب

(رشتہ دار)

وَالِدٌ۔ اَبٌ (ابّا) اُمٌّ۔ وَالِدَةٌ (ماں) اَخٌ (بھائی)
اُخْتٌ (بہن) اِبْنٌ۔ بِنْتٌ۔ وَلَدٌ (بیٹا) عَمٌّ (چچا)
عَمَّةٌ (چچی) جَدٌّ (دادا۔ نانا) جَدَّةٌ (دادی۔ نانی)
خَالٌ (خالو) خَالَةٌ (خالہ) اَهْلٌ (گھر والے) عَائِلَةٌ (کنبہ)
سِبْطٌ (نواسا) حَافِدٌ (پوتا) حَافِدَةٌ (پوتی) اَسْلَاف (باپ دادا)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ذیل میں چند اَلفاظ بے قاعدہ جمع (جمع مکسّر) کے دیئے گئے ہیں۔ انہیں اَزبر کریں

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
اَبَدٌ	ہمیشہ	آبَاد	اَصْغَر	سب سے چھوٹا	اَصَاغِر
ذَلِیْل	حقیر۔ نرم	اَذِلَّہ	رَای	رائے	آرَاء
اَعْظَم	سب سے بڑا	اَعَاظِم	بَصِیْرَۃ	عقل	بَصَائِر
اَکْبَر	سب سے بڑا	اَکَابِر	مَلِك	بادشاہ	مُلُوْك
اِلٰہ	معبود	آلِہَۃ	شَہْر	مہینہ	اَشْہُر، شُہُوْر
نَبِیّ	نبی	اَنْبِیَاء	ھَوٰی	خواہش	اَھْوَاء
بُرْھَان	دلیل	بَرَاھِیْن	حِمَار	گدھا	حُمُر
صَحِیْفَہ	چھوٹی کتاب	صُحُف	اَسْفَل	سب سے نیچے	اَسَافِل

دَرس نمبر ۴ ——— حصّہ الف

دو اِسم ملنے کی دُوسری شکل

عربی سے اُردو میں ترجمہ کرتے وقت صرف ترتیب اُلٹ دیں۔ مثلاً:

قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا — اَلدِّیْنُ الْخَالِصُ — عِیْشَۃٌ رَّاضِیَۃٌ

عربی قرآن — خالص دین — اچھی زندگی

کتاب و سنّت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۱

ترتیب الٹ کر اُردو میں ترجمہ کریں :-

قُرْآنًا عَرَبِيًّا ۔ قُرْآنًا اَعْجَمِيًّا ۔ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۔ لَحْمًا طَرِيًّا

صَعِيْدًا طَيِّبًا ۔ اَجْرًا عَظِيْمًا ۔ مُلْكًا عَظِيْمًا ۔ مُلْكًا كَبِيْرًا ،

اِثْمٌ مُّبِيْنٌ ۔ فَوْزٌ عَظِيْمٌ ۔ اَجْرًا كَبِيْرًا ۔ ضَلٰلًا بَعِيْدًا

كِتَابٌ مُّبِيْنٌ ۔ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۔ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ ۔ سِحْرٌ عَظِيْمٌ

ثَمَنًا قَلِيْلًا ۔ ثَمَنٌ قَلِيْلٌ ۔ خُلُقٌ عَظِيْمٌ ۔ لَيْلًا طَوِيْلًا ۔ قَوْلًا لَّيِّنًا

حَمْلًا خَفِيْفًا ۔ مَيْلًا عَظِيْمًا ۔ شَاهِدَانِ رَسُوْلَانِ ۔ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ

مشق نمبر ۲ : مندرجہ ذیل کا اردو میں ترجمہ کریں :-

جَنَّةٌ عَالِيَةٌ ۔ كَلِمَةٌ بَاقِيَةٌ ۔ شَفَاعَةٌ حَسَنَةٌ ۔ شَفَاعَةٌ سَيِّئَةٌ

مِلَّةٌ آخِرَةٌ ۔ عِيْشَةٌ رَّاضِيَةٌ ۔ نَاصِيَةٌ كَاذِبَةٌ ۔ اُمَّةٌ وَّاحِدَةٌ

نَفَقَةٌ صَغِيْرَةٌ ۔ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۔ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ ۔

مشق نمبر ۳ : ترتیب اُلٹ کر اُردو میں ترجمہ کریں :-

اَلصُّلْحُ الْجَمِيْلُ ۔ اَلْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ۔ اَلْيَوْمُ الْحَقُّ ۔ اَلْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

اَلصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْمُ ۔ اَلْكِتَابُ الْمُبِيْنُ ۔ اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اَلدِّیْنُ الْخَالِصُ ۔ اَلشَّھْرُ الْحَرَامُ بِالشَّھْرِ الْحَرَامِ ۔

مشق نمبر۴ : مندرجہ ذیل کا اردو میں ترجمہ کریں :۔

اَلْمَوْعِظَۃُ الْحَسَنَۃُ ۔ اَلْاَرْضُ الْمَیِّتَۃُ ۔ اَلنَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّۃُ اَلْاَرْضُ الْمُقَدَّسَۃُ ۔ اَلدَّارُ الْاٰخِرَۃُ ۔ [illegible] اَلصَّلٰوۃُ الْوُسْطٰی صُحُفًا مُّطَھَّرَۃً ۔ سُرُرٌ مَّرْفُوْعَۃٌ (بچھے ہوئے تخت) رِجَالٌ کَثِیْرَۃٌ اَیَّامٌ خَالِیَۃٌ (گزرے ہوئے دن) اَلثِّیَابُ مُتَفَرِّقَۃٌ

ملحوظہ :۔ دوسری شکل میں دونوں لفظ ایک جیسے ہوں گے ۔

۱۔ مشق نمبر۱ میں دونوں لفظ مذکر ہیں، اور دونوں بغیر الف لام کے ہیں ۔

۲۔ مشق نمبر۲ میں دونوں لفظ مونث ہیں اور دونوں پر الف لام نہیں ۔

۳۔ مشق نمبر۳ میں دونوں لفظ مذکر ہیں، اور دونوں پر الف لام داخل ہے ۔

۴۔ مشق نمبر۴ میں دونوں لفظ مونث ہیں اور دونوں پر الف لام داخل ہے ۔

تنبیہ :۔ بے قاعدہ جمع (جمع مکسر یا غیر سالم) میں دوسرا لفظ مونث واحد ہوگا جیسے مشق نمبر۴ میں آخری مثالیں ہیں ۔ مثلاً اَیَّامٌ بغیر قاعدہ کے یَوْمٌ کی جمع ہے ۔ اِس لئے دوسرا لفظ یعنی صفت واحد مونث ہے ۔

مشق نمبر۵ : دیئے گئے الفاظ کے مناسب الفاظ ملا کر دوسری شکل بنائیں اور ترجمہ کریں ۔

کِتَابٌ ۔ خُلُقٌ ۔ نَافِعٌ ۔ کَرِیْمٌ ۔ صَبْرٌ ۔ رَسُوْلٌ ۔ عِلْمٌ ۔ یَوْمٌ ۔ جَمِیْلٌ حَیٰوۃٌ ۔ طَیِّبَۃٌ ۔ وَاحِدٌ ۔ عَلِیْمٌ ۔ مَرْقُوْمٌ (لکھی ہوئی) اِلٰہٌ ۔ مَعْلُوْمٌ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۶ : مندرجہ ذیل کی عربی بنائیں :-

دو یتیم لڑکے - مومن بندہ - امین رسول - پاک شہر البلد - پاکیزہ درخت سخت عذاب - محفوظ تختی لوح - نرم بات - دو چچیرے بھائی - مردود شیطان لکھی ہوئی کتاب - واضح بین کتاب - پاکیزہ زندگی - نیک عمل - بڑی گھبراہٹ الفزع، سچا وعدہ الوعد - دنیاوی زندگی - دوسری دفعہ (تارۃً اُخریٰ) - بڑی بخشش واسعۃ مغفرۃ اچھی جگہ مقام محمود - تھوڑی قیمت - معتبر خیر خواہ (ناصح امینٌ) سیدھی راہ بڑا دن - واضح روشنی نور - مومن لونڈی امۃ - مطمئن دل - چھوٹی جماعت -

درس نمبر ۴ ——— حصّہ : ب

اَعضاءِ جسمانی و دیگر الفاظ

رَأسٌ (سر) عَینٌ (آنکھ) اُذُنٌ (کان) اَنفٌ (ناک) سِنٌّ (دانت) شَفَۃٌ (ہونٹ) وَجہٌ (چہرہ) نَاصِیَۃٌ (پیشانی) صَدرٌ (سینہ) کَفٌّ (ہتھیلی) کَتِفٌ (کندھا) عَضُدٌ (بازو) رِجلٌ (پاؤں) جِلدٌ (چمڑا) حَلقُومٌ (گلا) قَفَا (گردن کا پچھلا حصہ) نَومٌ (نیند) سِنَۃٌ (اونگھ) صَوتٌ (آواز) تُرَابٌ (مٹی) دَمٌ (خون) شَعرٌ (بال) لِسَانٌ (زبان) قَلبٌ (دل) رَقَبَۃٌ (گردن)

مؤنث :- مندرجہ ذیل الفاظ عربی زبان میں مؤنث مستعمل ہیں :-

اَرضٌ - سَمَاءٌ - نَفسٌ - جَہَنَّمُ - جَحِیمٌ - حَربٌ (جنگ) خَمرٌ (شراب) نَارٌ (آگ) عَینٌ (آنکھ) یَدٌ (ہاتھ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

درس نمبر ۵ ـــــــ حصہ الف

دو اسموں کے ملنے کی تیسری شکل

(مبتدا و خبر)

پہلے حصے کو مبتدا، اور دوسرے کو خبر کہتے ہیں۔ مثلاً :-

اَللّٰہُ وَاحِدٌ (اللہ ایک ہے) اَللّٰہُ اَکْبَرُ (اللہ بڑا ہے) اَلشَّیْطَانُ مَرْدُوْدٌ (شیطان مردود ہے) عَذَابُ اللّٰہِ شَدِیْدٌ (اللہ کا عذاب سخت ہے)

اِس شکل میں الفاظ کا سیدھا ترجمہ کرکے آخر میں حرف ہے، یا، زیادہ کر دیں جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے۔

مشق نمبر ۱

مندرجہ ذیل کا اُردو میں ترجمہ کریں :-

اَلصُّلْحُ خَیْرٌ۔ اَللّٰہُ اَحَدٌ۔ اَللّٰہُ قَدِیْرٌ۔ اَلْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ (بھائی بھائی) عَذَابُ اللّٰہِ شَدِیْدٌ۔ اَلْاَمْرُ لَازِمٌ (حال کے تیر نہایت کیلئے) اَللّٰہُ شَدِیْدُ الْعِقَابِ (عذاب) مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ (سامان)۔ اَللّٰہُ رَبٌّ۔ اَللّٰہُ وَلِیُّ الْمُتَّقِیْنَ (پرہیزگار) اَلْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا لَعِبٌ وَّ لَھْوٌ۔ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ صَدَقَۃٌ (بھلی بات صدقہ سے) اَللّٰہُ خَالِقٌ۔ اَللّٰہُ خَبِیْرٌ۔ اَلدِّیْنُ یُسْرٌ (آسان)۔ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرٌ (تنگی)۔

مشق نمبر ۲ : اُردو میں ترجمہ کریں :-

اَلْحَجُّ اَشْھُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ۔ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِیْنَۃُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ - اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ - اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ - وَعْدُ اللّٰهِ حَقٌّ - اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ -

مشق نمبر ۳

نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے موزوں الفاظ لگا کر خالی جگہ کو پُر کریں :-

صَادِقٌ - اِثْمٌ - قَرِيْبٌ - عَدُوٌّ - اَلْمُؤْمِنُوْنَ - اَلْجَنَّةُ - اَحَدٌ
وَاسِعَةٌ - خَيْرٌ - اَلْحَجُّ - مَكِّيَّةٌ - اَللّٰهُ - جَمِيْلَةٌ - اَلسَّلَامُ -

۱ ..... خَيْرٌ ۲ ..... قَرِيْبَةٌ ۳ - اَلشَّيْطٰنُ .....
۴ - يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ..... ۵ - بَعْضُ الظَّنِّ ..... ۶ - اَللّٰهُ .....
۷ ..... اِخْوَةٌ ۸ ..... لِلْمُتَّقِيْنَ ۹ - رَحْمَةُ اللّٰهِ .....
۱۰ - لَيْلَةُ الْقَدْرِ ..... ۱۱ - اَلْاٰخِرَةُ ..... ۱۲ - رَسُوْلُ اللّٰهِ .....
۱۳ - اَلصُّوْرَةُ ..... ۱۴ ..... اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۱۵ - اَلصَّلٰوةُ ...
۱۶ - سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ ..... ۱۷ ..... وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۱۸ - ..... عَلَيْكُمْ

مشق نمبر ۴

مندرجہ ذیل کی عربی بنائیں :-

اللہ کا وعدہ سچا ہے - اللہ کی کتاب واضح ہے - مومن مقبول ہے - کافر مردود ہے - قرآن کتاب ہے - اسلام دین ہے - آیت چھوٹی ہے - سبق آسان ہے - نصیحت واضح ہے - قیامت کا دن قریب ہے - اللہ کا ذکر بڑا ہے - چہرہ خوب صورت ہے - خون حرام ہے - فتح قریب ہے - زمین مقدس ہے - علم کی طلب فرض ہے (طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ) -

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۵ : الف

درس نمبر ۴ میں مشق نمبر ۳ کو تیسری شکل میں لکھیں اور اُردو میں ترجمہ کریں۔
مثلاً :- اَلصُّلْحُ الْجَمِيْلُ سے اَلصُّلْحُ جَمِيْلٌ (صُلح اچھی ہے)

مشق نمبر ۵ ب :- مندرجہ ذیل کا عربی میں ترجمہ کریں :-

اَللہ رحیم ہے۔ قرآن واضح ہے۔ تلاوت ثواب ہے۔ سورت لمبی ہے۔
اِنسان کامل ہے۔ کافر ظالم ہے۔ مسجد قریب ہے۔ بھلی بات صدقہ ہے۔
اَللہ کی رحمت قریب ہے۔ کعبہ اللہ کا گھر ہے۔ شکر واجب ہے۔

درس نمبر ۵ ——— حصہ ب

ہم شکل مختلف المعنی الفاظ

اَجَلٌ	واسطے	اَیْمَان	یقین	حَرٌّ	گرمی
اَجَلٌ	میعاد۔ مہلت	اِیْمَان	ایمان	حُرٌّ	آزاد
جَنَاحٌ	بازو	جَنَّةٌ	جنت۔ باغ	سَنَةٌ	سال
جُنَاحٌ	گناہ	جُنَّةٌ	ڈھال	سِنَةٌ	اُونگھ
خَلَاقٌ	حصہ	طُوْلٌ	لمبائی	آخِرٌ	آخری
خَلَّاقٌ	خالق	طَوْلٌ	طاقت	آخَرٌ	دُوسرا۔ اَور

مندرجہ ذیل قرآنی اَلفاظ کے معنی حفظ کر لیں۔

بَعْلٌ (خاوند) بَغْلٌ (خچر) حَتْمٌ (ضرور) نَفْسٌ (جان) وَفْدٌ (جماعت)
شَوْكَةٌ (کانٹا) نَفْخٌ (پھونکنا) فِتْنَةٌ (آزمائش) هُدًى (ہدایت)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

درس نمبر ۶ ——— حصہ الف

زیر دینے والے حروف (حروفِ جار)

یہ حرف جس اسم کے پہلے آتے ہیں اس کے آخر میں زیر دیتے ہیں۔
یہ سترہ حروف ہیں جو ایک شعر میں جمع کئے گئے ہیں۔

باؤ، تاؤ، کاف و لام و واؤ، مُنذُ، مُذ، خَلَا،
رُبَّ، حَاشَا، مِنْ، عَدَا، فِی، عَنْ، عَلٰی، حَتّٰی، اِلٰی

حروف	معانی	استعمال
ب	ساتھ سے	بِغَضَبٍ۔ غصہ کے ساتھ۔ بِسَخَطٍ ناراضی کے ساتھ بِالْبَاطِلِ۔ باطل کے ساتھ۔ بِنَصْرِ اللّٰهِ بِلِسَانٍ عَرَبِیٍّ مُّبِیْنٍ (واضح عربی زبان کے ساتھ)
ب	قسم	بِاللّٰهِ۔ اللہ کی قسم۔ بِرَبِّ۔ رب کی قسم بِالْحَقِّ۔ حق کی قسم۔
ت، و	قسم	تَاللّٰهِ۔ اللہ کی قسم۔ وَاللّٰهِ۔ اللہ کی قسم اسی طرح وَالطُّوْرِ۔ وَالسَّمَآءِ۔ وَالْفَجْرِ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ۔ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ۔ وَالْعَصْرِ۔ زمانہ کی قسم۔
ک	کی طرح۔ مانند	كَشَجَرٍ درخت کی طرح۔ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ مچھلی والے کی طرح كَعَرْضِ السَّمَآءِ۔ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حروف	معنی	استعمال
ل	لئے - واسطے	لِلّٰہِ - اللہ کے لئے - لِاَمْرِ اللّٰہِ (اللہ کے امر کے لئے) لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُوْمِ (سائل اور محروم کے واسطے)
فِیْ	میں - اندر	فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ - لوحِ محفوظ میں - فِی الْکَعْبَۃِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ - فِیْ صُحُفٍ مُّکَرَّمَۃٍ "مجھے"
مُذْ - مُنْذُ	سے	مُذْ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ - مُنْذُ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ

مشق نمبر ۱ : مندرجہ ذیل کا اُردو میں ترجمہ کریں :-

بِاللّٰہِ - بِرَبِّ - بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ - بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ - بِبَرَکَۃِ بِالْوَالِدَیْنِ - بِلِسَانٍ عَرَبِیٍّ مُّبِیْنٍ - بِالْبِرِّ - بِدُعَآءِ الْخَیْرِ بِالْقَلَمِ - کَظَلَمٰتٍ - کَشَجَرَۃٍ خَبِیْثَۃٍ - کَمَصْعَدٍ - مَا کُلِّ کَلَمْحِ (جھپکنا) الْبَصَرِ - کَمَثَلِ حَبَّۃٍ - لِکُلِّ اُمَّۃٍ اَجَلٌ - لِکُلِّ اُمَّۃٍ رَّسُوْلٌ هُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ - اَلْجَنَّۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ - نٓ وَالْقَلَمِ - فِی الْاَرْضِ فِی الْاٰخِرَۃِ عَذَابٌ شَدِیْدٌ - فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ - فِیْ کَثِیْرٍ -

مشق نمبر ۲ : خالی جگہ پر حرفِ جار لگا کر ترجمہ کریں :-

۱- کَلِمَۃٍ طَیِّبَۃٍ ..... شَجَرَۃٍ طَیِّبَۃٍ ۲- اَلْحَمْدُ ..... اللّٰہِ

۳- ..... الْاٰخِرَۃِ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ۴- ..... کُلِّ قَوْمٍ هَادٍ (رہنما)

۵- اَلصَّدَقَاتُ ..... الْفُقَرَآءِ ۶- مَثَلُ الْفَرِیْقَیْنِ ..... الْاَعْمٰی (اندھا)

۷- یٰسٓ ..... الْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۸- ..... اَوَّلِ الْحَشْرِ (اکٹھا کرنا)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معنی	استعمال
مِنْ	سے	مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی - مِنَ الْجَنَّةِ وَالنَّاسِ -
اِلٰی	تک - طرف	
عَنْ	سے - بارے میں	عَنْ شَرٍّ - عَنِ اللّٰهِ - عَنِ الْمُجْرِمِیْنَ عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ - عَنِ السَّاعَةِ (قیامت کے بارے میں) عَنِ النَّارِ -
عَلٰی	اوپر - پر	عَلَی اللّٰهِ - عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ - عَلٰی سُرُرٍ مَّرْفُوْعَةٍ (بچھے ہوئے تختوں پر)
حَتّٰی	تک - یہاں تک کہ	حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ (یہاں تک کہ فجر طلوع ہو) حَتّٰی حِیْنٍ (مقررہ وقت تک)

مشق نمبر ۳

اُردو میں ترجمہ کریں :-

مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ - مِنَ النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ - مِنَ الْكُتُبِ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ - اِلٰی اَمْرِ اللّٰهِ - عَلَی الْقَوْمِ الْفَاسِقِیْنَ - اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ - عَلَی الْخُرْطُوْمِ (سونڈ پر) غَضَبٌ عَلٰی غَضَبٍ - نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ - سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ - عَلَی الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی (نیکی پرہیزگاری) عَنِ الْیَمِیْنِ وَالشِّمَالِ (دائیں بائیں طرف) - اِلَی اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ (تمہارا لوٹنا اللہ کی طرف ہے)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ملحوظہ:- ایک بار معانی پر پھر نظر ڈالیں :-

بِ (ساتھ - سے - قسم) تَ (قسم) كَ (کی طرح - مانند - مثل)
لِ (لئے - واسطے) وَ (قسم) مُنْذُ، مُذْ (سے) خلَا (سوا)
رُبَّ (کئی - بہت سے) حاشَا (سوا) عَنْ (سے - بارے میں) عَلٰی (اُوپر)
حَتّٰی (تک - یہاں تک کہ) اِلٰی (تک - طرف) مِنْ (سے) فِیْ (اندر - میں)

مشق نمبر ۴

اُردو میں ترجمہ کریں :-

عَنِ النَّبِیِّ : كَلِمَتَانِ خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ ثَقِيْلَتَانِ فِي الْمِيْزَانِ حَبِيْبَتَانِ إِلَى الرَّحْمٰنِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ إِلَى اللّٰهِ - بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ - اَللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ - مِنَ الظّٰلِمِيْنَ - فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ إِلٰى حِيْنٍ - مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى - لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ - اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهٖ -

حصّہ: ب

مندرجہ ذیل ہم شکل اور مختلف المعنی الفاظ ہیں۔ انہیں ذہن نشین کرلیں۔

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
اِمَام	پیشوا	مِثل	مانند	بَعْد	پیچھے
اَمَام	سامنے	مَثَل	مثال	بُعْد	دُوری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
مُسْلِمَہ	فرمانبردار	حُکم	زور	بِرّ	نیکی
مُسَلَّمَہ	بے عیب	حَکَم	مُنصِف	بَرّ	خشکی
عَالِمٌ	جاننے والا	رُوح	جان	شِفَا	صحت
عَالَمٌ	دنیا	رَوح	رحمت	شَفَا	کنارہ

ذیل میں چند واحد جمع دیئے گئے ہیں۔ انہیں سمجھ لیں :۔

لفظ	معنی	جمع	لفظ	معنی	جمع
آیَۃ	نشانی	آیات	اَمَانَت	امانت	اَمَانَات
بِنت	لڑکی	بَنَات	بَاب	دروازہ	اَبوَاب
اَثَر	نشان	آثار	بَاقِیَہ	باقی رہنے والی	بَاقِیَات
اَجْر	بدلہ	اُجُور	بَالِغ	پہنچنے والا	بَالِغُوْن
اِسْم	نام	اَسْمَاء	بَحر	سمندر	بحور۔ اَبحُر
اَسِیْر	قیدی	اُسْرٰی	بَرَکت	برکت	بَرَکَات
اَعْلٰی	غالب	اَعْلَوْن	بَلَد	شہر	بِلَاد
اِمَام	رہنما	اَئِمَّہ	تَارِک	چھوڑنے والا	تَارِکُوْنَ
عَلَم	پہاڑ	اَعْلَام	جَاھِل	جاہل	جَاھِلُوْنَ
رَسُوْل	رسول	رُسُل	صَلٰوۃ	نماز	صَلَوَات

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

درس نمبر ۷ — حصہ الف

(اَسمائے اشارہ قریب و بعید)

جو لفظ اشارہ کے لئے استعمال ہو اُسے اِسم اشارہ کہتے ہیں۔
اور جس شئے کی طرف اشارہ کیا جائے اُسے مُشار الیہ کہتے ہیں۔

اِسم اشارہ قریب

	واحد	مثنیٰ	جمع
مذکر	هٰذَا یہ ایک مذکر	هٰذَانِ۔ هٰذَيْنِ یہ دو مذکر	هٰؤُلَاءِ یہ سب مذکر
مونث	هٰذِهٖ یہ ایک مونث	هَاتَانِ۔ هَاتَيْنِ یہ دو مونث	هٰؤُلَاءِ یہ سب مونث

اِسم اشارہ بعید

	واحد	مثنیٰ	جمع
مذکر	ذٰلِكَ وہ ایک مذکر	ذٰنِكَ وہ دو مذکر	اُولٰٓئِكَ وہ سب مذکر
مونث	تِلْكَ وہ ایک مونث	تَانِكَ وہ دو مونث	اُولٰٓئِكَ وہ سب مونث

ملحوظہ: جمع کا اشارہ مذکر و مونث کے لئے یکساں ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۱

مندرجہ ذیل عربی کا اُردو میں ترجمہ کیجئے :-

هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ ۔ هٰذَا بَلَاغٌ مُّبِيْنٌ ۔ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ

هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ ۔ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ ۔ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ

هٰذِهٖ اُمَّةٌ ۔ هٰذَانِ خَصْمَانِ ۔ هٰذَيْنِ يَتِيْمَيْنِ ۔ هٰذَانِ

رَسُوْلَانِ ۔ هٰذَا ذِكْرٌ مُّبَارَكٌ ۔ مِثْلُ هٰذَا الْغُرَابِ (کوّا)

هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۔ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ

لَا اِلٰى هٰؤُلَآءِ وَلَا اِلٰى هٰؤُلَآءِ (نہ اِدھر کے نہ اُدھر کے) ذٰلِكَ عَالِمُ

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۔ هٰؤُلَآءِ النِّسَآءُ صَالِحَاتٌ ۔ هٰذِهٖ اَنْعَامٌ

هَاتَانِ جَنَّتَانِ ۔ ذٰنِكَ بُرْهَانَانِ ۔ هٰؤُلَآءِ مُهْتَدُوْنَ ۔

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ ۔ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۔

ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۔ ذٰلِكَ فَوْزٌ عَظِيْمٌ ۔ تِلْكَ اُمَّةٌ ۔ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ

اُولٰٓئِكَ نِسَآءٌ ۔ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۔ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۔

مَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى (اے موسیٰؑ! تیرے داہنے ہاتھ میں کیا ہے؟)

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مشق نمبر ۲

نیچے لکھے گئے اُردو فقرات کو عربی میں لکھئے :-

یہ ایک استاد ہے ۔ یہ دو استاد ہیں ۔ یہ سب استاد ہیں ۔ یہ ایک استانی ہے ۔ یہ دو استانیاں ہیں ۔ یہ سب استانیاں ہیں ۔ وہ ایک عالِم ہے ۔ وہ دو عالِم ہیں ۔ وہ سب عالِم ہیں ۔ یہ اللہ کی اُونٹنی ہے ۔ وہ سب فلاح پانے والے ہیں ۔ وہ کتاب ہے ۔ یہ دو دشمن ہیں ۔ یہ اللہ کا گھر ہے ۔

مشق نمبر ۳

ذیل میں دئے گئے مشارٌ الیہ کے ساتھ اشارہ قریب و بعید لگا کر ترجمہ کریں :-

حِصَانٌ ۔ مَائِدَةٌ (دسترخوان) خَصْمَانِ (دو دشمن) فَوْزٌ عَظِيمٌ حَافِظَاتٌ ۔ طَوِيلَانِ ۔ مُهْتَدُونَ ۔ نَافِعٌ ۔ وَاسِعَةٌ ۔ قَمَرٌ لَاعِبُونَ (کھیلنے والے) مَوَاقِيتُ لِلنَّاسِ ۔ كَامِلَةٌ ۔

مشق نمبر ۴

ذیل میں دئے گئے اشارات کو درست کریں :-

هٰذِهٖ قَلَمٌ ۔ هَاتَانِ بُرْهَانَانِ ۔ هٰذَانِ جَنَّتَانِ ۔ تِلْكَ عَالِمُ الْغَيْبِ ۔ ذٰلِكَ اٰيَتُ اللّٰهِ ۔ ذٰلِكَ رَسُوْلَانِ ۔ ذٰلِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۔ هٰذَا بَنَاتِيْ ۔ اُولٰٓئِكَ جَنَّتَانِ ۔

مشق نمبر ۵

اسم اشارہ کے ساتھ مشارٌ الیہ لگائیں :-

۱۔ ذٰلِكَ ..... ۲۔ تِلْكَ ..... ۳۔ هٰذِهٖ .....

۴۔ هَاتَانِ ..... ۵۔ اُولٰٓئِكَ ..... ۶۔ هٰٓؤُلَآءِ .....

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حصّہ ب

نیچے عربی میں ایک سے دس تک گنتی، دنوں کے نام، اور بعض کثیر المعانی الفاظ دیئے گئے ہیں۔ انہیں خوب یاد کرلیں۔

تذکیر و تانیث کے لحاظ سے مندرجہ ذیل اعداد مستعمل ہیں:۔

یہ ذاتی اعداد کہلاتے ہیں۔

اَسْمَاءُ الْاَعْدَادِ

عدد	مذکر کے لئے	مونث کے لئے	عدد	مذکر کے لئے	مونث کے لئے
ایک	وَاحِدٌ	وَاحِدَةٌ	چھ	سِتَّةٌ	سِتٌّ
دو	اِثْنَانِ	اِثْنَتَانِ	سات	سَبْعَةٌ	سَبْعٌ
تین	ثَلٰثَةٌ	ثَلٰثٌ	آٹھ	ثَمَانِيَةٌ	ثَمَانٌ
چار	اَرْبَعَةٌ	اَرْبَعٌ	نو	تِسْعَةٌ	تِسْعٌ
پانچ	خَمْسَةٌ	خَمْسٌ	دس	عَشَرَةٌ	عَشْرٌ

اَيَّامُ الْاُسْبُوْعِ (ہفتہ کے دن)

يَوْمُ السَّبْتِ - يَوْمُ الْاَحَدِ - يَوْمُ الْاِثْنَيْنِ - يَوْمُ الثُّلَاثَاءِ

ہفتہ - اتوار - پیر - منگل

يَوْمُ الْاَرْبِعَاءِ - يَوْمُ الْخَمِيْسِ - يَوْمُ الْجُمُعَةِ

بدھ - جمعرات - جمعہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کثیر المعنی الفاظ

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
حَوْلٌ	گرد اگرد۔ سال	رَأْسٌ	سر۔ اصل مال
حَقٌّ	سچا۔ حصہ۔ انصاف۔ اسلام۔ قرآن	شَیْطَانٌ	شریر لوگ۔ کافر۔ جن
خَیْرٌ	عمدہ بات۔ بہتر۔ نعمت۔ مال	ضَرْبٌ	مارنا۔ قتل کرنا۔ بیان کرنا۔ چلنا
دِیْنٌ	انصاف۔ بدلہ۔ حشر۔ قانون	صَالِحَاتٌ	نیک بیبیاں۔ نیک اعمال
رَسُوْلٌ	فرشتہ۔ پیغمبر	صَلٰوۃٌ	نماز۔ دعا۔ درود۔ رحمت۔ برکت
			یہودیوں کا عبادت خانہ

درس نمبر ۸ : حصہ الف

ضمائر (ضمیریں)

ضمیر وہ اسم ہے، جو نام کی جگہ پر استعمال ہو۔ اسم ضمیر متکلم مخاطب اور غائب کی جگہ پر استعمال ہوتا ہے۔ مندرجہ ذیل ضمائر کو غور سے پڑھیں۔

ضمائر حاضر کے لئے

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	اَنْتَ تو ایک مذکر	اَنْتُمَا تم دو مذکر	اَنْتُمْ تم سب مذکر
مؤنث	اَنْتِ تو ایک مؤنث	اَنْتُمَا تم دو مؤنث	اَنْتُنَّ تم سب مؤنث

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ضمائر غائب کے لئے

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	هُوَ (هُ-هِ-هِ) وہ ایک مذکر اس کا، کے	هُمَا وہ دو مذکر ان کا، کے	هُمْ وہ سب مذکر ان سب کا، کے
مونث	هِيَ (ها) وہ ایک مونث اس کا، کے	هُمَا وہ دو مونث ان کا، کے	هُنَّ وہ سب مونث ان سب کا، کے

مشق نمبر ۱

مندرجہ ذیل کا اردو میں ترجمہ کریں۔ اور ضمائر پر غور کریں۔

اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اَنْتُمْ وَاٰبَآءُكُمْ۔ اَنْتُنَّ نِسَآءٌ
بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ (مضمول خرچ) ۔ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ
لَّهُنَّ۔ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ هُوَ الْغَفُوْرُ۔ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ (جھگڑالو)
هُمَا فِي الْغَارِ۔ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ (پاس)۔
فِيْهِمَا عَيْنَانِ۔ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى۔ فِيْهَا
هُدًى وَّنُوْرٌ۔ مَعَهٗ اَخَاهُ هٰرُوْنَ (اس کے ساتھ اس کا بھائی) وَزِيْرًا۔
لِيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ (میرا خاندان)۔ هُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ (آسمان) وَفِي الْاَرْضِ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

هُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ۔ مَا لَهٗ مِنْ وَّلِیٍّ مِّنْ بَعْدِهٖ
وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۔ ءَ اَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا (کیا
تو نے یہ کیا ہے؟) مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۔ هُوَ كَاذِبٌ ۔
هِیَ ظَالِمَةٌ ۔ اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ ۔ بُعُوْلَتُهُنَّ ۔ هِیَ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ
لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ۔ فِیْ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۔ لَهُمْ عَذَابٌ
شَدِیْدٌ ۔ هُمْ فِیْهَا خَالِدُوْنَ ۔ فِیْهِمَا اِثْمٌ كَبِیْرٌ وَّ
مَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۔ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۔ لِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ
وَعَلٰۤی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۔ هُمْ عَلٰی صَلٰوتِهِمْ دَآئِمُوْنَ
هُوَ ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۔ جِبَاهُهُمْ (پیشانیاں) وَجُنُوْبُهُمْ
وَظُهُوْرُهُمْ (ان کی پشتیں) سَوَآءٌ عَلَیْهِمْ ۔ لِصَاحِبَتِهٖ
عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۔ اُمُّهٗ صِدِّیْقَةٌ ۔ فِیْهَا رِزْقٌ
هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۔ لَهُمْ جَنّٰتٌ ۔ اَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِیْنَ ۔
اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ ۔ هُوَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مندرجہ ذیل اسماء بھی ضمیریں کہلاتے ہیں۔ ان کے معنی یاد کر کے
مشق نمبر ۲ کا اُردو میں ترجمہ کریں :-

	واحد	مثنیٰ	جمع
مذکر	كَ تجھ ایک مرد کا (تیرا)	كُمَا تم دو مردوں کا (تمہارا)	كُمْ تم سب مردوں کا (تمہارا)
مونث	كِ تجھ ایک عورت کا (تیرا)	كُمَا تم دو عورتوں کا (تمہارا)	كُنَّ تم سب عورتوں کا (تمہارا)

یَ (مجھے۔میرا) نَا (ہمارا۔ہم) اَنَا (مَیں) نَحْنُ (ہم)
لِیْ (میرے لئے) لَكَ (تیرے لئے)

مشق نمبر ۲

عَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ۔ لِیْ وَزِيْرٌ مِّنْ اَهْلِیْ
مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ (اس کے سوا) مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۔ كَيْدُكُنَّ عَظِيْمٌ
عَلٰى قَلْبِكَ ۔ اِلٰهُكَ وَاِلٰهُ اٰبَآئِكَ ۔ اَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ
هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ۔ لَنَا اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ
لِیْ عَمَلِیْ وَلَكَ عَمَلُكَ ۔ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِیَ دِيْنِ ۔ لَهُمْ
مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَرِيْمٌ ۔ اِنَّ شَانِئَكَ (دشمن) هُوَ الْاَبْتَرُ ۔ (بے شک)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

هُوَ مَوْلٰنَا ۔ فِيْهِ اٰيٰتٌ لِّلسَّائِلِيْنَ ۔ لَهٗ مَقَامٌ مَّحْمُوْدٌ
بندھا ہوا
هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا ۔ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ (گردن)
عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ۔ عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۔
لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ ۔ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ۔
اولاد
نَحْنُ لَهٗ حٰفِظُوْنَ ۔ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۔ عِنْدَنَا كِتَابٌ حَفِيْظٌ
فِيْكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ۔ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ ۔

مشق نمبر ۳

اردو سے عربی میں ترجمہ کریں :۔

ہر قوم کے لئے رہنما ہے ۔ تمہارے لئے آخرت کا گھر ہے ۔ وہ سب کافر ہیں ۔ ان دونوں کا باپ نیک ہے ۔ وہ اپنی جان پر ظلم کرنے والا ہے ۔ ان میں سے بعض اپنی جان پر ظلم کرنے والے ہیں ۔ (مِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ) اس (مونث) کا علم اللہ کے پاس ہے تمہارا ذکر اور تمہارے آباء و اجداد کا ذکر ۔ تم سب اس میں برابر ہو ۔ تمہارے لئے یکساں ہے ۔ میرا رب قریب ہے ۔ وہ سب آخرت کے ساتھ کفر کرنے والے ہیں ۔ اس (مونث) میں تمہارے لئے بھلائی ہے ۔ تم پر کوئی خوف نہیں ۔ دنیاوی زندگی میں ہم تمہارے دوست ہیں ۔ تمہارا رزق آسمان میں ہے ۔ کافروں کے لئے عذاب عظیم ہے ۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حصّہ : ب

مندرجہ ذیل قرآنی الفاظ کو ذہن نشین کرلیں :-

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
اَسْبَاب	علاقے - ذریعے - رستے	لَا	نہیں
نَقْص	کم کرنا	عِبْرَتْ	نصیحت
نَفْس	جان - ذات	ظِلّ	سایہ
کَفَّارَہ	پاک کرنے والا	زَمْہَرِیْر	سخت سردی
طَرِیٌّ	تازہ	رَجْم	پتھر مارنا
طَاغُوْت	شیطان - شیطانی طاقت	دَائِرَۃ	گردش زمانہ
صَاحِبَۃٌ	بیوی	بَارِیٌٔ	پیدا کرنے والا
زُمَرٌ	گروہ (واحد زُمرہ)	اُسْوَۃٌ	نمونہ
مَا	نہیں - کیا - بکا	طَائِفَۃٌ	گروہ
أَهْل			

اَعْدَادِ صِفتی

مندرجہ ذیل اعداد صفتی اعداد کہلاتے ہیں - اور یہ ترتیب کے لئے استعمال ہوتے ہیں -

اَلْاَوَّلُ - اَلثَّانِیْ - اَلثَّالِثُ - اَلرَّابِعُ - اَلْخَامِسُ - اَلسَّادِسُ

